## سوال

(191)ایک شخص سنت پڑھ رہاہے اور فرض نماز کھڑی ہوگئی لخ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص سنت پڑھ رہا ہے اور فرض نماز کھڑی ہوگئی۔ اس کا ارادہ چار رکعت ادا کرنے کا ہے۔ ابھی پہلی رکعت میں ہے۔ دو رکعت کے بعد سلام پھیرے یا چار کے بعد معہ حوالہ کتب جواب مرحمت ہو۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعد اقامت اس کو فوراسنت ترک کردینی چاہیے۔ اس امر پر یہ حدیث دلیل ہے۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جب قائم کی جائے نماز (اقامت) کوئی نماز (درست) نہیں۔ مگر فرض۔ سنت ترک کرکے فرض میں شامل ہوجائے۔ فجر کی سنت ہویا اور کوئی بعد اقامت سنت پڑھنے والا مجرم ہے۔

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد2ص150**

محدث فتویٰ